نمبر 47.21

ایگزیکٹیو آرڈر

**ریاست نیو یارک میں آفت کے سبب ہنگامی صورتحال کا اعلان کیا جاتا ہے اور نیو یارک کے نیشنل گارڈ کی خدمت فعال بنانے کا حکم دیا جاتا ہے تاکہ متعدد اصلاحی سہولت گاہوں میں عوامی نظم و ضبط کو یقینی بنانے اور عوامی املاک کا تحفظ کرنے میں حکام کی مدد کی جائے**

**چونکہ،** 17 فروری 2025 کو اصلاحی افسران کی جانب سے کی جانے والی اور اس کے بعد سے جاری، ایک غیرقانونی اور خلافِ ضابطہ ہڑتال نے اس وقت نوکریوں پر موجود اصلاحی افسران، محکمہ برائے اصلاحات و کمیونٹی کی نگرانی ( Department of Corrections and Community Supervision) کی نگہداشت میں موجود 32,290 سے زائد افراد، اور ان اصلاحی سہولت گاہوں کے قرب و جوار میں موجود کمیونٹیز کے تحفظ کے ضمن میں ایک فوری خطرہ پیدا کر دیا ہے؛

**چونکہ،** جائزے کے بعد، یہ بات سامنے آئی ہے کہ عملے کی معاونت، محکمہ برائے اصلاحات و کمیونٹی کی نگرانی کے زیر نگہداشت افراد کی حفاظت، عملے کے وسائل کو محفوظ رکھنے، اور ریاست بھر کی اصلاحی سہولت گاہوں میں محفوظ آپریشنز کو یقینی بنانے کی ضرورت بدستور موجود ہے؛

**چنانچہ، اب، میں، Kathy Hochul (کیتھی ہوکل)،** ریاست نیو یارک کی گورنر، نیو یارک کی ریاست کے آئین اور ایگزیکٹیو قانون کے آرٹیکل 2-B کے سیکشن 28 کے تحت خود کو تفویض کردہ اختیارات کی رُو سے، یہ قرار دیتی ہوں کہ اصلاحی سہولت گاہوں میں محفوظ اور مؤثر آپریشنز میں معاونت کے لیے ریاست بھر میں آفت کی ہنگامی صورتِ حال کے حکم کی ضرورت بدستور موجود ہے۔ ایگزیکٹیو آرڈر 13 ستمبر، 2026 تک نافذ العمل رہے گا۔

**مزید برآں،** ایگزیکٹو قانون کے آرٹیکل 2-B کے سیکشن a29- کے تحت مجھے تفویض کردہ اختیارات کی رو سے، میں درج ذیل قوانین کو عارضی طور پر معطل یا ان میں ترمیم کرتی ہوں، جنہیں 19 فروری، 2025 سے معطل رکھا گیا ہے، اور یہ معطلی یا ترمیم 13 ستمبر، 2026 تک نافذ رہے گی:

- ریاستی مالیاتی قانون (State Finance Law) کا سیکشن 97-G، خوراک، سپلائیز، خدمات، اور سازوسامان خریدنے یا متاثرہ مقامی حکومتوں، افراد، اور دیگر غیر ریاستی اداروں کو آفت زدہ ہنگامی صورت حال سے نمٹنے اور بحالی میں مدد دینے کی خاطر مختلف مرکزی خدمات بہم پہنچانے یا فراہم کرنے کے لیے ضروری حد تک؛
- ریاستی مالیاتی قانون کا سیکشن 112، ریاستی آئین کے آرٹیکل V، ریاستی آئین کے سیکشن I کے ساتھ مطابقت کی حد تک، اور ریاستی معاہدوں میں اضافی کام، سائٹس اور وقت شامل کرنے کے لیے ضروری حد تک؛ اور
- ریاستی مالیاتی قانون کا سیکشن 163، معیاری نوٹس اور خریداری کے طریقہ ہائے کار کی پیروی کیے بغیر اشیاء، خدمات، ٹیکنالوجی اور سازوسامان کی خریداری کے لیے ضروری حد تک۔

ریاست کی مہرِ خاص اور میرے دستخط کے تحت، شہر البانی میں، 14 اگست سن دو ہزار چھبیس کو جاری کیا گیا۔

منجانب گورنر

سیکریٹری گورنر